راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ

نیلام عام

عوام الناس اور قربانی کے جانور کے ریوڑ بانوں کی سہولت کے پیش نظر جانوروں کی خرید وفروخت کیلئے راولپنڈی کینٹ کی حدود میں درج ذیل مقام پر عارضی منڈی مویشیاں کے حقوق وصولی فیس کا نیلام عام برائے عرصہ از تاریخ منظوری تا عید الاضحیٰ **2024** کے تیسرے دن تک ہوگا۔ جس کی نیلامی مورخہ **06 مئی 2024** بوقت 11 بجے دن دفتر ہذا میں کر رہا ہے۔ اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہوسکی تو اس کی دوبارہ نیلامی مورخہ **07 مئی 2024** کو اور سہ بارہ مورخہ **08 مئی 2024** کو اسی وقت اور مقام پر ہوگی۔

خرید وفروخت کی جگہ: **اراضی کینٹ بورڈ بھاٹہ چوک راولپنڈی کینٹ**

شرح وصولی انٹری فیس:

ا) بڑا جانور (گائے، بھینس، اونٹ وغیرہ) **مبلغ-/3000 روپے فی عدد**

ب) چھوٹا جانور (بکرا، بکری، بھیڑ، دنبہ غیرہ) **مبلغ-/2000 روپے فی عدد**

شرائط نیلامی:-

ا۔ خواہش مند حضرات کو بولی میں حصہ لینے کیلئے مبلغ پچاس لاکھ روپے (-/50,00,000) روپے کی کال ڈیپازٹ بنام ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ مع کارآمد شناختی کارڈ بطور زرضمانت بولی شروع ہونے سے قبل جمع کرانا ہوگا، کنٹونمنٹ بورڈ کے نادھندگان بولی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے اگر ایسا شخص یا ادارہ حقائق چھپا کر کامیاب بھی ہو جائے تو اس کی جمع شدہ رقم ضبط کر کے منڈی کی نیلامی دوبارہ کی جائے گی۔

۲۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کا 1/2 حصہ موقع پر اور بقیہ رقم (1/2 حصہ) مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری کے سات (07) یوم کے اندر جمع کرانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر جمع شدہ کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ ضبط تصور ہوگا اور بورڈ اگر مناسب سمجھے کہ ٹھیکہ دوسرے نمبر پر آنے والے کو زائد بولی کی بنیاد پر پیش کر دے۔

۳۔ دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دھندہ کی کال ڈیپازٹ تاوقتِ منظوری مجاز اتھارٹی دفتر ہذا میں جمع رہے گی اور وہ بعد ازاں بذریعہ درخواست واپس لے سکتا ہے۔

۴۔ کامیاب بولی دھندہ نیلامی کی جگہ کو صاف ستھرا رکھنے کا پابند ہوگا- <u>جانوروں کیلئے خوراک، پانی اور سایہ کا بندوبست ٹھیکیدار کے ذمہ ہوگا-</u>

۵۔ خرید وفروخت/منڈی کی جگہ کو (Cordon Off) حلقہ جدار کھا جائیگا۔

٦ کورونا وائرس (Covid-19) کے ممکنہ پھیلاؤ کے خلاف حفظ ماتقدم کے طور پر کینٹ کے تمام تر علاقوں میں انفرادی واجتماعی طور پر جانوروں کی خرید وفروخت پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔

۷۔ انکم ٹیکس ودیگر ٹیکسوں کا اطلاق گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دھندہ کو یکمشت ایڈوانس جمع کروانا ہوگا۔

۸۔ کامیاب بولی دھندہ دفتر ہذا کے ساتھ E-Stamp پیپر پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا اور معاہدہ کے بغیر کام شروع کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ کامیاب بولی دہندہ اپنے حرجہ وخرچہ پر معاہدہ سب رجسٹرار سے رجسٹرڈ کروائے گا۔

CamScanner

۹۔ کامیاب بولی دھندہ ٹریفک کے بہاو کو یقینی بنانے کا پابند ہوگا۔

۱۰۔ کنٹونمنٹ بورڈ/کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی وجہ سے تمام بولی کو (منظوری سے قبل) بمطابق PPRA قواعد وضوابط مسترد کر دے۔

۱۱۔ جانوروں کی خرید وفروخت صرف (مقررہ جگہ) منڈی میں ہوگی اور اس کے علاوہ کسی فرد/افراد کو راولپنڈی کینٹ کی حدود میں منڈی کے علاوہ کسی اور مقام پر جانوروں کی خرید وفروخت کی اجازت نہ ہوگی نیز ٹھیکیدار منڈی مویشیاں کے علاوہ کسی اور جگہ سے وصولی کا مجاز نہ ہوگا

۱۲۔ ٹھیکیدار جانوروں کے لئے بھوسہ چارہ وغیرہ لانے والی بڑی گاڑی سے مبلغ -/1000 روپے اور چھوٹی گاڑی سے مبلغ -/500 روپے بطور انٹری فیس لینے کا مجاز ہوگا۔

۱۳۔ ٹھیکیدار دفتر ھذا کی طرف سے مخصوص کردہ جگہ برائے پارکنگ، کار سے مبلغ -/100 روپے یومیہ اور موٹر سائیکل سے مبلغ -/50 روپے یومیہ پارکنگ فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

۱۴۔ ٹھیکیدار جانوروں کی انٹری فیس کے علاوہ جانوروں کی بڑی گاڑیوں (دس ویلرتک) مبلغ -/400 روپے، (چھ ویلرتک) مبلغ -/300 روپے، ٹرک، مزدا، شہ زور مبلغ -/200 روپے اور پک اپ سے مبلغ -/100 روپے فی پھیرا وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

۱۵۔ ٹھیکیدار جانوروں کے مختص کردہ جگہ برائے سٹال سے مبلغ -/150 روپے فی مربع گز کے حساب سے فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

۱۶۔ ٹھیکیدار مندرجہ بالا ریٹ کے علاوہ اور کسی قسم کی وصولی کا مجاز نہ ہوگا۔

۱۷۔ گاہے بگاہے جاری ہونے والی حکومتی ومحکمانہ ہدایات پر عملدرآمد ضروری ہوگا۔

۱۸۔ دیگر شرائط وضوابط نیلام دفتری اوقات کار کے دوران دفتر ہذا کی لینڈ ریونیو برانچ سے معلوم کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر

راولپنڈی کینٹ

051-9274406

UAN#051-111-07-07-07

www.rcb.gov.pk